اسلام علیکم

۱- مولانا میرا پہلا سوال تشہد میں انگلی اٹھانے کے متعلق ہے کہ چند دن پہلے پتہ چلا کے تشہد میں انگلی اٹھا کر گرانی نہیں چاہیے بلکہ جکانی چاہتے اس کے متعلق ذرا رہنمائی فرمائیں کے جکانے سے کیا مراد ہے.

۲- مولانا دوسرا سوال میرا بٹ کائنز(Bit Coins) کے متعلق ہیں کے آیا اس میں انویسٹمنٹ کرنا کیسا ہے یا اس کا پروفیٹ جائز ہے یا نہیں؟

دارالافتاء
۲/۲۳۵۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامدا و مصلیا

(۱)۔۔۔التحیات میں شہادت کی انگلی اٹھانے کے بعد جھکانی چاہئے، گرانی نہیں چاہئے، یہ بات درست ہے۔ یعنی جب "اشہد ان لا" پر پہنچیں تو شہادت کی انگلی اٹھا کر اشارہ کریں اور "الا اللہ" پر جھکادیں۔ اشارے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کو ملا کر حلقہ بنالیا جائے اور ہاتھ کی سب سے چھوٹی والی انگلی (چھنگلی) اور اس کے برابر والی انگلی بند کرلیں، اور شہادت کی انگلی کو اس طرح اٹھائیں کہ انگلی قبلے کی طرف جھکی ہوئی ہو۔ بالکل سیدھی آسمان کی طرف نہ اٹھائی جائے۔ پھر الا اللہ کہتے وقت شہادت کی انگلی کا رخ کچھ نیچے کی جانب کر کے اسے جھکالیا جائے، لیکن باقی انگلیوں کی جو ہیئت اشارے کے وقت بنائی تھی، اس کو آخر تک برقرار رکھیں۔ (دیکھئے رسالہ "نمازیں سنت کے مطابق پڑھیئے" ص ۱۲۳ اور فتاویٰ محمودیہ جلد ۵ ص ۶۳۵)

(۲)۔۔۔جہاں تک بِٹ کوائن یعنی کرپٹو کرنسی کی خرید و فروخت کا تعلق ہے، تو اس کے بارے میں بہت سے معاصر علماء کرام کی رائے یہ ہے کہ اس کی خرید و فروخت یا اس کے ذریعہ معاملات انجام دینا جائز نہیں ہے، اور اس کا استعمال عام طور پر سٹہ بازی میں ہورہا ہے، لہٰذا کرپٹو کرنسی کی خرید و فروخت کا مشورہ نہیں دیا جاسکتا۔ نیز جن ممالک میں کرپٹو کرنسی میں معاملات انجام دینا قانوناً ممنوع ہے ان ممالک میں اس کی خرید و فروخت شرعاً بھی جائز نہیں۔

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

بندہ محمد معاذ اشرف عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی
۲۹/جمادی الثانی/ ۱۴۴۳ھ
۲/فروری/۲۰۲۲ش

الجواب صحیح
بندہ محمد تقی عثمانی عفی عنہ
مفتی جامعہ دار العلوم کراچی
۲۹/جمادی الثانی/ ۱۴۴۳ھ
۲/فروری/۲۰۲۲ش

الجواب صحیح
بندہ عبدالرؤف سکھروی
مفتی جامعہ دار العلوم کراچی
۲۹/جمادی الثانی/ ۱۴۴۳ھ
۲/فروری/۲۰۲۲ش

مفتی

مفتی

الجواب صحیح
بندہ زبیر اشرف عثمانی
۱-۷-۱۴۴۳ھ

الجواب صحیح
محمد الرؤف اللہ
۱/۷/۴۳ھ

الجواب صحیح
۱/۷/۱۴۴۳ھ

دار الافتاء
فتویٰ نمبر ۲/۲۳۵۷
۱۴۴۳/۷/۴
۲۰۲۲/۲/۶